# 04-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سال کے اختتام سے قبل عادل آباد میں ایرپورٹ کی تعمیر شروع ہوجائے گی۔

۲۔آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ کوانٹم ٹکنالوجی میں تلنگانہ کو عالمی لیڈر بنانے کیلئے ایک حکمتِ عملی تیار کی گئی ہے۔

۳۔تلنگانہ نے دھان کی خریدی میں نیا ریکارڈ بنایا ہے۔سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے بتایا کہ اب تک 41.6 لاکھ ٹن دھان کی خریدی کی گئی۔

اور

۴۔بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ہیلٹ پالیسی واپس لیں۔

CEC

چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار نے سال 2026ء کیلئے کونسل آف دی انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ فار ڈیموکریسی اینڈ الیکٹورل اسسٹنٹس کی صدارت سنبھال لی ہے۔ بھارت کو 2026ء کیلئے انٹرنیشنل آئیڈیا کے رکن ممالک کی کونسل کا نیا صدرنشین منتخب کیا گیا ہے۔اس کونسل کی صدارت 2033ء تک بھارت کے پاس رہے گی۔ بھارت اس تنظیم کے 14 بانی ارکان میں سے ایک ہے۔الیکشن کمیشن آف انڈیا کے ایک بیان کے مطابق گیانیش کمار نے سوئیڈن کے شہر اسٹاک ہوم میں کونسل کی صدارت سنبھال لی۔اس موقع پر اپنی تقریر میں انہوں نے بھارت کے جمہوری عمل کے پیمانہ کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی 28 ریاستوں اور 8 مرکزی زیر انتظام علاقوں میں 90 کروڑ

سے زیادہ ووٹرس تھے۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ 1947ء سے اب تک بھارت میں پارلیمنٹ کے 18 انتخابات اور ریاستی اسمبلیوں کے 400 سے زیادہ انتخابات ہوئے ہیں۔ Sound Byte.

Uttam

تلنگانہ نے دھان کی خریدی میں نیا ریکارڈ بنایا ہے۔سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے بتایا کہ اب تک 41.6 لاکھ ٹن دھان کی خریدی کی گئی۔گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران کسانوں کو اقل ترین امدادی قیمت کے طور پر 7 ہزار 887 کروڑ روپے ادا کئے گئے۔ اِس سے ساڑھے سات لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوا ہے۔ ریاست بھر میں دھان کی خریدی کیلئے 1.26 لاکھ ملازمین کام کررہے ہیں۔ان میں 45 فیصد آئی کے پی کی خواتین ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ تلنگانہ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے کو ترجیح دے رہی ہے۔اتم کمار ریڈی نے بتایا کہ اب تک باریک چاول کیلئے کسانوں کو بونس کے طور پر 314 کروڑ روپے ادا کئے گئے ہیں۔

exhibition

فیوچر سٹی میں منعقد ہونے والی تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ کے سلسلہ میں منظّم کی جانے والی نمائش اس مہینہ کی 10 تاریخ سے 13 تاریخ تک عوام کیلئے کھلی رہے گی۔اس نمائش کے ذریعہ عوام کو تلنگانہ کے مستقبل کے منصوبہ اور عالمی ویژن کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملے گا۔اس نمائش میں داخلہ مفت ہوگا۔اس نمائش کے حصہ کے طور پر مستقبل کے پروجیکٹ کے سلسلہ میں سیشنس منعقد ہوں گے۔ یہاں پر سرکاری محکمہ اپنے اسٹالس لگائیں گے اور یہاں کلچرل پروگرام بھی منعقد ہوں گے۔ایک سرکاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ اس نمائش کیلئے عوام کی خاطر ایم جی بی ایس، جے بی ایس، کوکٹ پلی، چارمینار اور ایل بی نگر جیسے اہم مقامات سے مفت خصوصی بسیں چلائی جائیں گی۔

KTR

بھارت راشٹر سمیتی کے کار گزار صدر کے ٹی راما راؤ نے ریاستی حکومت کی ہیلٹ پالیسی پر تنقید کی ہے۔انھوں نے کہا کہ پچھلی حکومتوں نے عوام، صنعتوں اور روزگار کیلئے جو زمینات مختص کی تھیں وہ اب نجی افراد کے حوالہ کی جارہی ہیں۔انھوں نے کہا کہ اس پالیسی سے ان زمینات پر موجود کمپنیوں میں برسرروزگار لاکھوں افراد اپنے روزگار سے محروم ہوجائیں گے۔انھوں نے کہا کہ وہ عوام کو اِن کوششوں سے واقف کروانے کے لئے صنعتی علاقوں کا دورہ کررہے ہیں۔ کے ٹی آر نے کہا کہ اس مسئلہ پر جلد ہی ایک کل جماعتی اجلاس منعقد کیا جائے گا۔انھوں نے کہا کہ اس پالیسی کو واپس لئے جانے تک احتجاج جاری رہے گا۔

Proposal

مرکزی وزیر ٹرانسپورٹ نتن گڈکری نے کہا ہے کہ حیدرآباد کے اطراف واکناف کے علاقوں میں ٹرافک کے مسئلہ سے نمٹنے کے لئے تلنگانہ کی حکومت نے 34 ہزار 367 کروڑ روپے کی لاگت سے ریجنل رنگ روڈ کی تعمیر کی تجویز روانہ کی ہے۔انھوں نے راجیہ سبھا میں کانگریس کے ایم پی انیل کمار یادو کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے یہ بات کہی۔گڈکری نے کہا کہ اس پروجیکٹ کیلئے ڈی پی آر تیار کرنے کنسلٹنسی کو ہدایت دی گئی ہے۔انھوں نے کہا کہ ریجنل رنگ کے شمالی حصہ کیلئے الائمنٹ طئے ہوگیا ہے اور پی ایم گتی شکتی نیشنل ماسٹر پلان کے تحت کام کئے جائیں گے۔

Health

ریاستی حکومت نے کہا ہے کہ وہ صحت مند تلنگانہ کے حصول کیلئے اقدامات کررہی ہے۔کل جاری کی گئی ایک رپورٹ میں یہ بات کہی گئی۔ ڈاکٹروں اور نیم طبی عملہ کے تقررات کے علاوہ حکومت

دواخانہ، میڈیکل کالج اور نرسنگ کالجوں کی تعمیر کررہی ہے اوران کالجوں میں نشستوں کی تعداد بڑھا رہی ہے۔ راجیو آروگیہ شری کے تحت مفت علاج کی حد پانچ لاکھ روپے سے بڑھا کر دس لاکھ روپے کردی گئی ہے۔ ملگو اور نارائن پیٹ جیسے دوردراز کے اضلاع میں آروگیہ شری خدمات فراہم کی جارہی ہیں۔ حکومت نے کہا کہ دوسال کے دوران اس نے محکمہ صحت میں 9 ہزار جائیدادیں پُر کی۔ اس نے کہا کہ مزید سات ہزار جائیدادیں پُر کرنے کے لئے عمل جاری ہے۔ حکومت نے 9 نئے میڈیکل کالجس قائم کئے ہیں جس سے ایم بی بی ایس کی نشستوں میں 450 کا اضافہ ہوا ہے۔ 16 نرسنگ کالجوں کے قیام سے 960 زائد نشستیں دستیاب ہوئی ہیں۔

Greater

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی توسیع کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ شہر کے مضافات میں واقع شہری مجالس مقامی کو جی ایچ ایم سی میں ضم کرنے ریاستی کابینہ کے فیصلہ کو گورنر جشنو دیو ورما نے منظوری دے دی ہے۔ اس کے ساتھ ہی 27 مجالس مقامی کو جی ایچ ایم سی میں ضم کرتے ہوئے ریاستی حکومت نے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا۔ ڈپٹی کمشنرس اور زونل کمشنرس کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ضم کئے گئے بلدیات اور کارپوریشنس کے ریکارڈس اپنی تحویل میں لے لیں۔

Nursing

ریاست میں زیرتعلیم 1700 نرسنگ طلبہ کو جاپانی اور جرمن زبانیں سکھانے کے لئے انگلش اینڈ فارین لینگوئجس یونیورسٹی ایفلو میں کل کلاسس کا آغاز ہوا۔ ریاست کے نرسنگ کالجوں میں زیرتعلیم طلبہ کو غیرملکی زبانیں سکھائی جارہی ہیں۔ 16 مہینوں کی ٹریننگ کے دوران طلبہ انگلش کے علاوہ جاپانی یا جرمن زبان سیکھ سکیں گے۔

Revanth Reddy - Adilabad

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ سال کے اختتام سے قبل عادل آباد میں ایرپورٹ کی تعمیر شروع ہوجائے گی۔ انہوں نے عادل آباد کا دورہ کرتے ہوئے 260 کروڑ روپے کے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عادل آباد میں جہاں لال بس ہی مشکل سے آتی ہے حکومت ایربس طیارے لاتے ہوئے صنعتی ترقی کی ذمہ داری لے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کی ترقی کیلئے تلنگانہ رائزنگ 2047ء دستاویز تیار کیا گیا ہے۔ سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے اس مہینہ کی 8 اور 9 تاریخ کو گلوبل سمٹ منعقد کی جارہی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ امبیڈکر پرانا ہتا چیوڑلہ پراجکٹ تومڑی ہٹی پر ہی تعمیر کرتے ہوئے عادل آباد کو سینچائی کیلئے پانی لایا جائے گا۔

Sound Byte..

اس پروگرام میں ریاستی وزراویویک وینکٹ سوامی، جوپلی کرشناراؤ اور دوسروں نے شرکت کی۔

GHMC

آؤٹر رنگ روڈ کے قریب واقع 27 مجالس مقامی کے ریکارڈ کو تحویل میں لینے کی ذمہ داری ڈپٹی میونسپل کمشنرس کو سونپتے ہوئے جی ایچ ایم سی کے کمشنر آروی کرنن نے احکام جاری کئے ہیں۔ تین اضلاع کے تحت آنے والے 27 مجالس مقامی کو جی ایچ ایم سی میں ضم کرتے ہوئے حکومت نے احکام جاری کردئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنرس سے کہا گیا ہے کہ وہ ان مجالس مقامی کے ریکارڈس کو اپنی تحویل میں لیں اور ان کے کھاتوں میں جمع رقم جی ایچ ایم سی کے جنرل فنڈ کھاتہ میں منتقل کریں۔

Sridhar babu

آئی ٹی کے وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ کوانٹم ٹکنالوجی میں تلنگانہ کو عالمی لیڈر بنانے کیلئے ایک حکمتِ عملی تیار کی گئی ہے۔آئی ٹی اور صنعتوں کے وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ حکومت حیدرآباد کو کوانٹم سٹی کی حیثیت سے ترقی دینے کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو کوانٹم ٹکنالوجی میں عالمی لیڈر بنانے کیلئے ملک میں پہلی مرتبہ ماہرین اور صنعتکاروں کی مدد سے ایک طویل مدتی حکمتِ عملی تیار کی گئی ہے۔انہوں نے ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ کے ساتھ مل کر آج گچی باؤلی میں مواقع ٹریبل آئی ٹی میں نیتی آیوگ روڈ میاپ فار کوانٹم ،تلنگانہ کوانٹم اسٹراٹیجی کے عنوان سے ایک رپورٹ جاری کی۔

❍❍